سبق-22

# محنتی گلہری

| |
|---|
| درخت ،کھیتی گھاس، نکال ، فصل ، روغنی، ٹھنڈا ، حصّہ ، سچ ، ہمیشہ |

ایک تھی گلہری ایک تھا کوّا، دونوں ایک درخت پر رہا کرتے تھے۔ایک دن کوّے نے گلہری سے کہا۔ ''چلو ہم کھیتی کریں جو پیدا ہوگا اسے آدھا آدھا بانٹ لیں گے۔

گلہری بولی، ''ٹھیک ہے! آؤ چلو کھیت میں ہل چلائیں۔'' کوّا کہنے لگا،



''ہری ڈال پر بیٹھا ہوں
روغنی روٹی کھاتا ہوں
ٹھنڈا پانی پیتا ہوں
تو چل میں ابھی آتا ہوں''

گلہری کھیت میں ہل چلا کر آئی مگر کوّا بیٹھا رہا۔

گلہری نے کہا، ''چلو بھائی! اپنے کھیت میں بیج بو آئیں۔''

کوّا پھر بولا



''ہری ڈال پر بیٹھا ہوں
روغنی روٹی کھاتا ہوں
ٹھنڈا پانی پیتا ہوں
تو چل میں ابھی آتا ہوں''



محمد عمر

گلہری کھیت میں بیج بو آئی۔ کوّا بیٹھا ہی رہا۔
گلہری نے کہا،
"اب پودے بڑے ہو گئے ہیں، گھاس بھی اُگ آئی ہے چلو گھاس نکال آئیں۔"
کوّے نے پھر وہی جواب دیا۔




"ہری ڈال پر بیٹھا ہوں
روغنی روٹی کھاتا ہوں
ٹھنڈا پانی پیتا ہوں
تو چل میں ابھی آتا ہوں"

گلہری کھیت پر گئی اور گھاس بھی نکال آئی۔

فصل پک گئی گلہری نے اکیلے ہی فصل کاٹی، کوّا بیٹھا تھا، بیٹھا ہی رہا۔ جب اناج تیار ہو گیا تو کوّا اپنا حصہ لینے پہنچ گیا۔ دونوں نے اپنے حصّہ بانٹ لیے، گلہری اپنا حصّہ گھر لے آئی، لیکن کوّے کا حصّہ وہیں پڑا رہا، دوسرے دن بہت زور سے پانی برسا۔ کوّے کا اناج بہہ گیا۔ کوّا ڈال پر بیٹھا کائیں کائیں کرتا ہی رہ گیا۔

"سچ ہے نکمّا ہمیشہ گھاٹے میں رہتا ہے"



# مشق اور سوالات

1۔ الفاظ کے معنی یاد کیجئے۔

درخت - پیڑ-

روغنی روٹی گھی یا تیل میں آٹے کو گوندھ کر پکائی جانے والی روٹی

نکمّا بے کار، نکھٹو

2۔ درج ذیل کے جواب لکھیئے۔

(1) کوّے اور گلہری کے درمیان کیا بات طے پائی تھی؟

(2) کھیتی کے کون کون سے کام گلہری نے اکیلے ہی کیۓ؟

(3) کوّے نے اپنے حصّہ کا اناج کیوں نہیں پایا؟

(4) کون ہمیشہ گھاٹے میں رہتا ہے؟

لکھیئے۔

بیج بونا، فصل پکنا، گھاس نکالنا، ہل چلانا، فصل کاٹنا

3۔ خالی جگہ پُر کیجئے۔ حروف ملائیے اور لفظ بنائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ............ل | ر............ | ............ | گلہری | .................. |
| ر............ | ن............ | ............ | روغنی | .................. |
| م | ............ | ن | ............ محنت | .................. |